بینک دولت پاکستان
شعبہ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ
کراچی

ایف ای مراسلہ نمبر 10 برائے 2015ء — 26 اکتوبر 2015ء

زرمبادلہ کے جملہ مجاز ڈیلرز کے
صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترمی / محترمہ

## ویبوک (WeBOC) کے ذریعے الیکٹرانک فارم ای کا اجرا

مجاز ڈیلرز کی توجہ زرمبادلہ (FE) مینوئل 2002ء کے بارہویں باب کی طرف مبذول کرائی جاتی ہے جس میں دیگر امور کے علاوہ پاکستان سے اشیا کی برآمد کے لیے فارم ای کے اجرا کے قواعد وضوابط بیان کیے گئے ہیں۔

2۔ فارم ای کے اجرا کو سہل بنانے کے لیے بینک دولت پاکستان نے پاکستان کسٹمز کی شراکت سے فارم ای کے اجرا کا عمل خودکار بنا دیا ہے۔ متعلقہ فریقوں کی مشاورت سے پاکستان کسٹمز کے برقی نظام میں الیکٹرانک فارم ای (EFE) ماڈیول جسے ویبوک (Web based One Customs, WeBOC) کہا جاتا ہے تیار کیا گیا ہے۔

3۔ فی الوقت پاکستان سے زیادہ تر اشیا ویبوک کے ذریعے برآمد کی جاتی ہیں۔ تاہم تھوڑی شرح ان اشیا کی ہے جو زمینی راستے سے یا کھلے ڈھیر (bulk cargo) کی صورت میں برآمد کی جارہی ہیں۔ یہ اشیا پاکستان کسٹمز کے سامان کی کلیرنس کے سابقہ نظام 'ون کسٹمز' کے تحت ہی برآمد کی جاتی ہیں۔ پاکستان کسٹمز کی جانب سے کوششیں کی جارہی ہیں کہ ان اشیا کو بھی پاکستان بھر میں مرحلہ وار ویبوک نظام کے تحت لایا جائے۔

4۔ فی الوقت زرمبادلہ مینوئل 2002ء کے بارہویں باب میں درج ہدایات کے مطابق مجاز ڈیلرز کی جانب سے فارم ای دستی طور پر جاری کیا جاتا ہے۔ تاہم 2 نومبر 2015ء سے فارم ای مندرجہ ذیل دو اشکال میں جاری کیا جائے گا:

**i۔ الیکٹرانک فارم ای (EFE)**
ویبوک کے تحت کی جانے والی برآمدات کے لیے الیکٹرانک فارم ویبوک کے ذریعے جاری کیا جائے گا۔ الیکٹرانک فارم ای (EFE) کی درخواست برآمد کنندہ کی جانب سے برقی طور پر جمع کرائی جائے گی اور مجاز ڈیلر ویبوک میں برقی طور پر الیکٹرانک فارم ای کو منظور یا مسترد کرے گا۔ ویبوک کے ذریعے الیکٹرانک فارم ای کے اجرا کا طریقہ کار سمجھانے کی خاطر برآمد کنندگان اور مجاز ڈیلرز کے لیے ہدایات (user manuals) بالترتیب ضمیمہ اول اور ضمیمہ دوم کے طور پر منسلک ہیں۔

**ii۔ دستی فارم ای**
ون کسٹمز کے ذریعے کی جانے والی برآمدات کے لیے برآمد کنندگان کی درخواست پر موجودہ ہدایات کے مطابق مجاز ڈیلرز دستی فارم ای جاری کریں گے۔

5۔ چنانچہ زرمبادلہ مینوئل 2002ء کے بارہویں باب میں پیراگراف 36 کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں ذیل کے مطابق الیکٹرانک فارم ای کے اجرا کے ضوابط دیے گئے ہیں:


فون: 99212459-21-92+ یواے این: 111-727-111 فیکس: 99212527-21-92+

**پیرا 36-الیکٹرانک فارم ای (EFE) کا اجرا**

**i۔ برآمدات سے مطلع کرنے کے لیے مقررہ فارم**

وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشنز نمبر ECS/48-(6)I اور ECS/48(7)I، دونوں مورخہ یکم جولائی 1948ء کے مطابق برآمد کنندگان پر لازم ہے کہ فارم ای پر کسٹمز/ پوسٹل حکام کو اپنی برآمدات ڈکلیر کریں۔ ویبوک کے ذریعے ہونے والی برآمدات کے لیے اسٹیٹ بینک نے برقی فارم ای مقرر کیا ہے جو ویبوک کے ذریعے تیار کیا جائے گا۔ جو برآمدات ویبوک کے علاوہ ہوں ان کے لیے دستی فارم ای مجاز ڈیلرز کی جانب سے برآمد کنندگان کی درخواست پر پہلے سے مقررہ ہدایات کے مطابق جاری کیا جاتا رہے گا۔

**ii۔ ویبوک میں برآمد کنندگان کی رجسٹریشن**

WeBOC میں برآمد کنندگان کی رجسٹریشن اور حذف کرنے کا عمل پاکستان کسٹمز کی جانب سے ان کے طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا۔

**iii۔ مجاز ڈیلرز کی جانب سے برآمد کنندگان کی جانچ پڑتال**

مجاز ڈیلرز اطلاق شدہ ہدایات کے مطابق اپنے برآمد کنندگان، جو ان کے کھاتہ دار/ صارف ہیں، کی جانچ پڑتال/ اپنے صارف کو پہچانو (Customer Due Diligence (CDD)/Know Your Customer (KYC)) کا عمل جاری رکھیں گے۔ الیکٹرانک فارم ای کی درخواست جمع کرانے والی متعلقہ کمپنی/ فرم (برآمد کنندہ) کے منیجرز/ پروپرائٹرز/ پارٹنرز/ ڈائریکٹرز وغیرہ برآمدات کی آمدنی کی پاکستان منتقلی کے انفرادی اور اجتماعی طور پر ذمہ دار ہوں گے۔

**iv۔ ویبوک میں مجاز ڈیلرز اور ان کی برانچوں کی شمولیت اور اخراج**

الف) مجاز ڈیلرز ویبوک میں اپنی مجاز برانچوں کی شمولیت یا اخراج کی درخواست اپنے متعلقہ گروپ/ بزنس ہیڈز کے ذریعے ڈائریکٹر شعبہ زرمبادلہ آپریشنز (FEOD)، بینک دولت پاکستان، بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP-BSC)، صدر دفتر، کراچی کو دیں گے۔

ب) اگر شعبہ مبادلہ پالیسی، اسٹیٹ بینک کسی نئے بینک کو مجاز ڈیلر کا لائسنس جاری کرتا ہے تو وہ بھی ویبوک میں اپنی اور اپنی مجاز برانچوں کی درخواست بینک کے گروپ/ بزنس ہیڈ کے ذریعے ڈائریکٹر ایف ای او ڈی، ایس بی پی بی ایس سی، صدر دفتر، کراچی کو دے سکتا ہے۔

**v۔ ویبوک میں مجاز ڈیلرز کی یوزر آئی ڈیز (user ids) اور پاس ورڈز (passwords)**

الف) مجاز ڈیلرز یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ جاری کرنے کی درخواست ضمیمہ سوم کے مطابق ضروری کوائف فراہم کرکے ڈائریکٹر ایف او او ڈی، ایس بی پی بی ایس سی، صدر دفتر، کراچی کو دیں گے جو یہ درخواست پاکستان کسٹمز کو بھیج دے گا۔ پاکستان کسٹمز ایف ای او ڈی کو مطلع کرتے ہوئے براہ راست مجاز ڈیلر کو یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ جاری اور فراہم کرے گا۔

ب) یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کی منسوخی کے لیے مجاز ڈیلر منسوخی کی درخواست اپنے متعلقہ گروپ/ بزنس ہیڈز کے دستخط کے ساتھ ڈائریکٹر ایف او او ڈی، ایس بی پی بی ایس سی، صدر دفتر، کراچی کو دیں گے جو یہ درخواست ضروری کارروائی کے لیے پاکستان کسٹمز کو بھیجے گا۔

ج) تمام متعلقہ ملازمین اور مجاز ڈیلرز ویبوک کی یوزر آئی ڈیز اور پاس ورڈز کو خفیہ رکھیں گے۔ ان یوزر آئی ڈیز کے کسی غلط استعمال کی صورت میں کسٹمز ایکٹ 1969ء اور اس کے تحت تشکیل کردہ قواعد کے باب سولہ الف کی شقوں کی رو سے مجاز ڈیلرز اور ان کے ملازمین ذمہ دار ہوں گے۔ مزید یہ کہ زرمبادلہ سے متعلق تمام مقاصد کے لیے ویبوک میں مجاز ڈیلر کی یوزر آئی ڈی کے ذریعے انجام دی جانے والی تمام کارروائیوں کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ وہ خود مجاز ڈیلر نے انجام دی ہیں۔

**vi۔ الیکٹرانک فارم ای کا اجرا**

الف) برآمد کنندہ ویبوک کے ذریعے مجاز ڈیلر کو اپنی پسند کی برانچ میں فارم ای کی درخواست برقی طور پر جمع کرائے گا۔ مجاز ڈیلر یا جو برانچ برآمد کنندہ نے منتخب کی ہو برقی طور پر فارم ای کی درخواست زرمبادلہ مینوئل کے باب بارہ کی پیرا 8 میں درج ہدایات کے مطابق منظور یا مسترد کرے گا رگی۔ مجاز ڈیلر کی جانب سے فارم ای کی برقی منظوری کے بعد برآمد کنندہ ان اشیا کی برآمد کے لیے جن کے سلسلے میں فارم ای منظور کیا گیا ہے ویبوک میں گڈز ڈکلیریشن (GD) فارم کے ساتھ الیکٹرانک فارم ای کو منسلک کرے گا۔ الیکٹرانک فارم ای کے اجرا اور گڈز ڈکلیریشن فارم کے ساتھ اسے منسلک کیے جانے کا تفصیلی طریقہ کار یوزر مینوئلز برائے برآمد کنندگان (ضمیمہ اول) اور مجاز ڈیلرز (ضمیمہ دوم) میں سمجھایا گیا ہے۔




فون: +92-21-99212459 یو اے این: 111-727-111 فیکس: +92-21-99212527

**بینک دولت پاکستان**
**شعبہ مبادلہ پالیسی**
**آئی آئی چندریگر روڈ**
**کراچی**

ب) ہر مجاز ڈیلر کے لیے الیکٹرانک فارم ای کا سیریل نمبر ویبوک کے ذریعے تخلیق کیا جائے گا۔ الیکٹرانک فارم ای نمبر کا مخصوص فارمیٹ تین اجزا پر مشتمل ہوگا یعنی مجاز ڈیلر کے نام کا اختصار، اجرا کا کیلنڈر سال اور سسٹم کا پیدا کردہ سیریل نمبر۔ مثال کے طور پر XYZ بینک کے لیے سال 2015ء کا پہلا ای ایف ای نمبر XYZ-2015-0000000001 ہوگا۔ ہر کیلنڈر سال کے آغاز میں ہر بینک کا سیریل نمبر پھر 0000000001 ہو جائے گا۔

**vii۔ الیکٹرانک فارم ای میں ترمیم**

الف) مجاز ڈیلر کے منظور یا مسترد کرنے سے پہلے برآمد کنندگان ای ایف ای میں ترمیم کر سکتے ہیں۔ جب مجاز ڈیلر فارم ای کو منظور یا مسترد کر دے تو پھر برآمد کنندہ اس میں ترمیم نہیں کر سکتا۔

ب) مجاز ڈیلر کسی بھی مرحلے پر ای ایف ای میں ترمیم نہیں کر سکتا۔

**viii۔ فارم ای کی منسوخی**

الف) مجاز ڈیلر برآمد کنندہ کی جانب سے ای ایف ای جمع کرائے جانے کے بعد اسے منسوخ کر سکتا ہے۔

ب) برآمد کنندہ کی جانب سے گڈز ڈکلیریشن فارم کے ساتھ ای ایف ای کو منسلک کرنے سے پہلے بھی مجاز ڈیلر اسے منسوخ کر سکتا ہے۔

**ix۔ الیکٹرانک فارم ای کی میعاد کا خاتمہ**

الف) برآمد کنندہ کی جانب سے ای ایف ای جمع کرائے جانے کے پندرہ روز میں اگر مجاز ڈیلر نے کوئی کارروائی نہ کی تو ای ایف ای ویبوک میں خود بخود ختم ہو جائے گا۔

ب) اگر مجاز ڈیلر کی جانب سے ای ایف ای کی منظوری کی تاریخ کے 45 دن کے اندر اندر برآمد کنندہ کی شپ منٹ نہیں جاتی تو ای ایف ای ویبوک میں خود بخود ختم ہو جائے گا۔

**x۔ منظور شدہ الیکٹرانک فارم ای کا ریکارڈ**

الف) ویبوک کے ذریعے مجاز ڈیلرز کے منظور کردہ ای ایف ای کا مکمل ریکارڈ برقی شکل میں مجاز ڈیلرز کے صدر دفتر اور متعلقہ برانچوں میں رکھا جائے گا۔ ترجیحی طور پر یہ عمل ہفتہ وار بنیاد پر ویبوک سے تازہ ترین معلومات حاصل کر کے ہوتے رہنا چاہیے۔

ب) مجاز ڈیلر ویبوک سے ای ایف ای کا پرنٹ آؤٹ بھی لے سکتے ہیں۔ چھپے ہوئے ای ایف ای کا فارمیٹ ضمیمہ چہارم میں منسلک ہے۔

**xi۔ برآمدی دستاویزات مجاز ڈیلرز کے پاس جمع کرانا**

الف) مجاز ڈیلرز ویبوک میں ہر ای ایف ای کے لیے بینک کریڈٹ ایڈوائس کے متعلقہ حصے پُر کریں گے بشمول مجاز ڈیلر کے پاس شپنگ دستاویزات جمع کرانے کی تاریخ، درآمد کنندہ کے بینک سے موصولہ قبولیت اور برآمدی آمدنی کی وصولی، جہاں بھی ان کے ذریعے دستاویزات وصول رگفت وشنید اکٹھا کی جائے۔

ب) اگر شپنگ دستاویزات شپ منٹ کی تاریخ کے 14 دن کے اندر موصول نہیں ہوتیں تو مجاز ڈیلر فوری طور پر اس امر کو یقینی بنائے گا کہ برآمد کنندہ اسے شپنگ دستاویزات جمع کرائے۔ اگر مجاز ڈیلر شپ منٹ کے 30 دن کے اندر شپنگ دستاویزات برآمد کنندگان سے حاصل کرنے میں ناکام رہتا ہے تو اس قسم کے کیسز کی اطلاع ایف او ای ڈی، ایس بی پی بی ایس سی، صدر دفتر کراچی کے ایریا آفس کو مقررہ فارم (ضمیمہ پنجم۔12) میں ہر مہینے کی پندرہ تاریخ تک ماہانہ بنیاد پر دے گا۔

**xii۔ بینک سے بینک بی سی اے منتقلی**

الف) اگر رقم ای ایف ای منظور کرانے والے مجاز ڈیلر کے بجائے کسی اور مجاز ڈیلر کے ذریعے موصول ہوتی ہے تو ای ایف ای منظور کرنے والا مجاز ڈیلر ویبوک میں بینک سے بینک بی سی اے منتقلی ماڈیول کے ذریعے اس مجاز ڈیلر کو ای ایف ای منتقل کر سکتا ہے جو گفت وشنید میں شامل ہو یا برآمدی دستاویزات وصول کر رہا ہو۔

ب) مندرجہ بالا شق الف کے مطابق منتقل کیے جانے والے ای ایف ای کا مناسب ریکارڈ دونوں مجاز ڈیلرز رکھیں گے۔



فون: 92-21-99212459+ یو اے این: 111-727-111 فیکس: 92-21-99212527+

بینک دولت پاکستان
شعبہ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ
کراچی

ج ) اگر ضروری سمجھا گیا تو ڈائریکٹر ایف ای اوڈی، ایس بی پی بی ایس سی، کراچی بھی ای ایف ای کو ایک مجاز ڈیلر سے دوسرے مجاز ڈیلر کو ویبوک میں بینک سے بینک بی سی اے منتقلی ماڈیول کے ذریعے منتقل کرسکتا ہے۔

**xiii۔ الیکٹرانک فارم ای کے تحت آمدنی کی وصولی**

مجاز ڈیلر ہر ای ایف ای کے تحت ویبوک میں بی سی اے ماڈیول کے ذریعے آمدنی کی وصولی کا اندراج کرے گا۔ پاکستان سے برآمد کی جانے والی اشیا کے سلسلے میں پیشگی موصول ہونے والی ترسیلات کے ضمن میں یہ اندراج ای ایف ای کو منظور کرتے وقت ابتدائی طور پر ای ایف ای کے ریمارکس کالم میں درج کیا جاسکتا ہے اور شپ منٹ کے بعد پیشگی ادائیگی کی تفصیلات ہر ای ایف ای کے لیے ویبوک کے بی سی اے ماڈیول میں پُر کی جائیں گی۔

**xiv۔ ریٹرنز جمع کرانا**

مجاز ڈیلر ایف ای اوڈی، ایس بی پی بی ایس سی، صدر دفتر، کراچی کے ایریا آفس کو ای ایف ای کی ایک چھپی ہوئی نقل مع ماہانہ ریٹرنز بھیجے گا جن میں برآمدی آمدنی کی وصولی کی اطلاع دی گئی ہو۔ پیشگی ادائیگی کی صورت میں ای ایف ای کی نقل موجودہ ہدایات کے مطابق ایڈوانس پے منٹ واؤچر (APV) اور شپنگ دستاویزات کے ہمراہ جمع کرائی جائے گی۔

**xv۔ شارٹ شپ منٹ**

اگر برآمد کنندہ اس مقدار سے کم روانہ کرتا ہے جو ای ایف ای میں ڈکلیر کی گئی ہو تو مجاز ڈیلر ویبوک سے توثیق کے بعد گڈز ڈکلیریشن فارم پر ڈکلیر کی گئی رقم کی بنیاد پر شپنگ دستاویزات پر گفت وشنید/وصول کرے گا۔

**xvi۔ شپ منٹس کی مکمل بندش**

الف ) اگر کسی خاص جہاز سے بھیجی جانے والی کھیپ عارضی طور پر روک دی جائے اور وہ کسی اور جہاز کے ذریعے روانہ کی جائے تو منظور شدہ ای ایف ای قابل استعمال ہوگا۔

ب ) اگر کھیپ مکمل طور پر رک جائے اور کسی اور جہاز سے بھی نہ بھیجی جا رہی ہو تو کسٹمز منظور شدہ ای ایف ای کو گڈز ڈکلیریشن فارم سے الگ کرلے گا اور اسے منظوری کی اصل میعاد کے اندر دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

6۔ اس موضوع پر دیگر تمام ہدایات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

7۔ مجاز ڈیلرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس مراسلے کو اپنے تمام متعلقہ ذیلی اداروں کے علم میں لائیں اور اس پر حرف بحرف عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

آپ کا مخلص

(فضل محمود)
ڈائریکٹر

منسلکات:
(i) یوزر مینوئل برائے برآمد کنندگان
(ii) یوزر مینوئل برائے مجاز ڈیلرز
(iii) ویبوک میں یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کے اجرا کی درخواست
(iv) الیکٹرانک ای فارم



فون: 92-21-99212459+ یو اے این: 111-727-111 فیکس: 92-21-99212527+